www.saharaexpressdaily.com saharaexpressranchi@gmail.com saharaexpress123@gmail.com saharaexpressnews@gmail.com

Urdu Daily Published From Ranchi,Patna & Delhi

روزنامہ سہارا ایکسپریس رانچی

SAHARA EXPRESS,RANCHI

RNI.NO.JHURD/2012/45029 Vol:14 Issue:161 18.06.2025 WEDNESDAY Re.01 Page:08

جلد نمبر:14 شمارہ:161 بدھ/18 جون/2025 مطابق 21 ذی الحجہ 1446ھ صفحات:08




# NAFISA HAJJ & UMRAH TRAVELS

UMRAH 2025
From July 1st week For 15 Days
SUPER SAVER
70,500
Flight from Delhi to Delhi
Bus Service at Makkah

ECONOMY UMRAH PACKAGES
From July 1st week For 15 Days
80,500
Flight from Patna to Patna
From July 1st week For 15 Days
90,500
Flight from Darbhanga to Darbhanga

Package Inclusions: Air Ticket, Visa, Hotel, Insurance, Food, Transport, Ziyarat, Zamzam

For Enquiry Contact: 9835686530, 9667048262 Darbhanga; 7763987517, 9470035621 Kishanganj

H.O. BAZAR SAMITI, SHIVDHARA, DARBHANGA

Documents Required
Passport (6 months valid from departure)
2 Passport Size Photo
Pan Cards
Residence:
Hotel at Makkah: Within 1.5 km
Hotel at Madina: Within 700 m

UMRAH 2025
From July 1st week For 15 Days
DELUXE
95,500
Flight from Delhi to Delhi
Hotel at Makkah: Within 300 m
Hotel at Madina: Within 200 m



دیارِ حرم
حج عمرہ ٹورس پرائیویٹ لمیٹڈ
DAYARE HARAM
HAJJ UMRAH TOURS PVT LTD
عمرہ

# 15 DAYS UMRAH TOUR 2025
Economy Package

Direct Flights / Via Flights
DEL JED DEL

DEPARTURE: 13 Jul. 2025 / RETURN: 28 Jul. 2025

| | |
|---|---|
| 5 & 4 Sharing Room | Rs. 69,999/- |
| 3 Sharing Room | Rs. 83,000/- |
| 2 Sharing Room | Rs. 93,000/- |

Package Includes:
Return Air Ticket |
Umrah Visa with Insurance |
Best of Accommodation
Indian Meals 3 Time |
Air-conditioned Transportation |
Local Ziyarats in Makkah & Madinah |
5 Liters Zam Zam |
2 Time Laundry | Gifted Umrah Kit |
Exprienced Tour Guide

Document Required
* Valid Passport 6 Months
* Pan Card
* 2 Pc Photo (with White Background)
* Final Vaccination Certificate

Abdur Razaque
+91 95556 59996

HOTEL DETAIL
MAKKAH: Jaddah Al Khalil Hotel / SIMILAR (9 Nights 3 STAR - 1000 Mtr.), (Free Bus Service)
MADINAH: Burj Mukhtara Hotel / SIMILAR (5 Nights 3 STAR - 800 Mtr.)

DAYARE HARAM
HAJJ UMRAH TOURS PVT. LTD.
1st Floor, Shop No- 5 & 6, M.H. Market Karamganj Road, Near Shiksha Bhawan Laheriasarai, Darbhanga, Bihar - 846001
Mob- +91 9031310178, Tel- 06272-351228
Web : www.dayareharam.com
Email : info@dayareharam.com



काफ़ी सालो से आपकी खिदमत में लखनऊ की सबसे बेहतर सेवा देने वाली ट्रैवल कंपनी अब आपके शहर पटना में

Riyaz TOUR & TRAVELS
RIYAZ GROUP.COM
A Signature of Excellence

जुलाई 2025 में नए सीजन की शुरुआत और भी नयी और बेहतर सहूलियतों के साथ

| | | |
|---|---|---|
| 05 JUL 25 - 21 JUL 25 | RS. 88000 | 17 DAYS |
| 13 JUL 25 - 30 JUL 25 | RS. 90000 | 18 DAYS |
| 23 JUL 25 - 08 AUG 25 | RS. 88000 | 17 DAYS |

उमराह पैकेज के साथ मिलने वाली सहूलियात ::
INCLUSIONS: VISA, INSURANCE, HOTEL, BUFFET MEALS, TRANSFERS, Wi-Fi, COMPLETE ZIYARAT, LAUNDRY SERVICE, Zam-Zam

दिल्ली से डायरेक्ट फ्लाइट

DOCUMENTS REQUIRED FOR UMRAH
VALID PASSPORT
PAN CARD
2 PHOTOGRAPHS WITH WHITE BACKGROUND
FOR PATNA TO PATNA FACILITY, YOU WILL HAVE TO PAY EXTRA CHARGES

MOHD. SADIQUE +91-7388963339
MD SHARIQUE +91-8235342497
RIYAZ AHMAD +91-9935570058

ADD.: Shop No. 5, Ground Floor, Ayesha Complex, West of Training School (SCERT Bihar), Mahendru, Patna - 800006 (Bihar)
HEAD OFF.: FF 3-4, GALAXY BUILDING, HARDOI ROAD, THAKURGANJ, LKO - 226003



# HINDUSTAN TOURS & TRAVELS
ہندوستان ٹورز اینڈ ٹریولز
IATA

UMRAH PACKAGE 20 DAYS
DEPARTURE – JULY & AUGUST

DIRECT FLIGHT BY SAUDI & AIR INDIA

BOOK NOW

UMRAH BUDGET PACKAGE
MAKKAH HOTEL – 1400 MTR
MADINA HOTEL – 1000 MTR
JUST – 72,000 INR
QUINT SHARING

UMRAH ECONOMY PACKAGE
MAKKAH HOTEL – 800 MTR
MADINA HOTEL – 900 MTR
JUST – 77,000 INR
QUINT SHARING

DELHI HEAD OFFICE:-
YASIR -7400011153
FARHA -7400011152
QUARI ABDUL MATTEN -7303330662
303, 3RD FLOOR, VARDHMAN CITY 2 PLAZA, TURKMAN GATE, NEW DELHI-110002 PH NO. 011-46062444

SAMBHAL BRANCH:-
SHAFIQ - 9756493401, 9410087199
HAJI SHAMIM BUILDING, NAKHASA NEAR NAKHASA POLICE CHOWKI SAMBHAL - 244302 U.P.

DARBHANGA BRANCH:-
ZIYA -9990440072
SAJID -9990441944
SAFAT AHMAD-9546096374
MAULAGANJ, NEAR KHALILIYA HOTEL DARBHANGA, BIHAR -846004

MUMBRA BRANCH:-
SOHAIL - 9987744448
ZEHRA - 9990889970
NIDA -9990334430
OFFICE NO. S-10, ELMORE, DOSTI BUILDING, MUMBRA, KAUSA - 400607

MUMBAI BRANCH:-
SHAKEEL - 9820805765
ANJUM - 9990660038
ABID - 9990660042
OFFICE NO 10, LASHKARIYA BUILDING, NEAR MAHATMA GANDHI SCHOOL, BEHRAM BUAG, JOGESHWARI WEST, MUMBAI – 400102

KASHMIR BRANCH:-
ISHFAQ - 9149495477
AARIF - 7006695671
GULMARG, TANGMARG 193402



# ZAM ZAM
زم زم
حج عمرہ ٹور اینڈ ٹریول
Hajj Umrah Tour & Travel

Main Khagaul Road, Opp Central Bank of India, Minhaj Nagar, Phulwari Sharif, Patna- 801505

| | | |
|---|---|---|
| 20 Jul 25 to 04 Aug 25 | 02 Sep 25 to 18 Sep 25 | 22 Oct 25 to 05 Nov 25 |
| DELHI to DELHI | DELHI to DELHI | DELHI to DELHI |
| 90,000/- | 90,000/- | 90,000/- |

PATNA to PATNA ₹1,10,000/-
SAUDI AIRLINES/AIR INDIA

Hotel in Makkah :- Dar Al-Khalil Rashad Hotel or Similar Tara Ajiyad Hotel
Package Includes
Hotel in Madina :- Guest Time & Riyadh Al Zahra Hotel or Similar
Accommodation, Visa, Ticket, Laundary, Zamzam, Badar Zeyarat, Transportation, Food, Tour Assistance

9334735020, 9334369891, 9308841431, 9572959246

CONTACT PERSON OTHER DISTRICT

| NEW DELHI | ASANSOL (W.B) | RAJA BAZAR PATNA | BUXAR | CHAPRA | SIWAN | MUZAFFARPUR | DARBHANGA | BIHAR SARIF | ALAMGANJ PATNA |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Gulam Rasul 9015524877 | Mufti Sohail Ansari 8868894411 | Sajjad Khan 930816263 | Md. Afzal Ansari 9110991456 | Md. Sabir 9308841431 | Ahmad Reza 9308170977 | Md. Rizwan 7004957236 9199684786 | Raja Ansari 8877690469 | Md. Chand 8210695856 | Md. Rizwan 8292847945 Md. Ashraf- [illegible] |

# ”آج کل خوشامد و چاپلوسی تو عوام و خواص کا پسندیدہ مشروب بن چکا ہے“



معاشرہ میں ایک دوسرے کی تعریف وتوصیف کرنے بلکہ کسی کی اچھائی کو بڑھاچڑھا کر بیان کرنے کی روش اس قدر عام ہے کہ اگر کوئی کسی جگہ ملاقات کی صورت میں یا کسی اور سے تعرف کے وقت ہماری خوبیوں کا بیان نہ کرے یا ہماری بڑائی کا ذکر نہ کرے تو ہم برا مناتے ہیں، یہاں تک کہ دل میں آئندہ کیلئے اس شخص کے حوالے سے تفریق رکھتے ہیں، کبھی کبھار ہم اپنی اس برہمی کا اظہار بھی کر دیتے ہیں اور کہیں یہ بھی دیکھنے میں آتا ہے کہ اگر کوئی ہماری خوبی وپاکیزگی کا ذکر کر رہا ہو تو ہم اس میں خود سے بھی اضافہ کر دیتے ہیں کہ جناب میں تو یہ بھی کرتا ہوں اور مجھ میں فلاں خوبی بھی موجود ہے۔ ہمارے معاشرے میں موجودہ یا مروجہ اس روایت کو اسلام میں قطعی اچھا نہیں سمجھا جاتا جبکہ ہماری اکثریت اس بات سے یکسر ناآشنا ہے۔

ہمارے معاشرے میں قرآن پاک سے دوری کی بنا پر مختلف نوعیت کے گمبھیر مسائل پیدا ہوئے ہیں، ان میں شخصیت پرستی اور خوشامد کلچر بھی شامل ہیں۔ برصغیر کے مسلمان طویل عرصہ بادشاہت اور سامراجیت کے کے زیرِ اثر رہے، اس لئے ان میں غلامانہ اور خوشامدانہ خصوصیت پیدا ہونا قابل فہم ہے، حالانکہ اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں شخصیت پرستی اور خوشامد سے منع فرمایا ہے۔ شخصیت پرستی کو ”طاغوت“ کا نام دیا گیا ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ کی بجائے ”غیر اللہ“ انسانوں اور بتوں سے توقعات وابستہ کر لینا۔ اگر مسلمان قرآن پاک کو ترجمے کے ساتھ پڑھنا اور سمجھنا شروع کر دیں تو شخصیت پرستی اور خوشامد جیسی مہلک بیماریاں ختم ہوجائیں۔ ایک مفکر نے کہا تھا: شخصیت پرستی، بت پرستی سے زیادہ خطرناک ہے کیونکہ بت کا دماغ نہیں ہوتا جو خراب ہوجائے لیکن جب انسان کی پوجا اور خوشامد کی جاتی ہے تو وہ فرعون بن جاتا ہے۔ ہمارے معاشرے میں شخصیت پرستی اور خوشامد کی مہلک بیماری ہر شعبہ میں پائی جاتی ہے، خوشامد تو عوام اور خواص کا پسندیدہ مشروب بن چکا ہے۔ آج اس اسی فیصد لوگ شخصیت پرستی اور خوشامد پسندی ہوگئے ہیں، جسے دیکھیں کوئی لیڈر کی خوشامدی کر رہا ہے، کوئی غنڈہ کی خوشامدی کر رہا ہے، کوئی امیر وقت کی خوشامدی کر رہا ہے حد تو یہ ہے کہ ہماری نئی نسل مولویوں کے خوشامدی بن گئے ہیں۔ بلکہ ان مسلکی مولویوں کے ایسے اندھ بھکت ہوگئے ہیں کہ مودی کے اندھ بھکت ان کی خوشامدی، چاپلوسی اور اندھ بھکتی پر شرما جائیں۔ ایک جگہ کنونشن ہو رہا تھا ایک خوشامد پسند مقرر خطاب میں کہتا ہے میرے ساتھیو! آپ کے حلقے سے نامزد ہونے والا منتخب امیدوار اگر سورج ہیں تو ہم عوام اس کی روشنی ہیں، اگر یہ چاند ہیں تو ہم عوام اس کی کرنیں ہیں، اگر یہ پھول ہیں تو ہم عوام اس کی خوشبو ہیں، تقریر کے دوران ایک نظریاتی جیالا کھڑا ہوگیا اور کہنے لگا لیڈر صاحب دیگ ہیں اور ہم عوام ان کے چمچے ہیں۔

قارئین محترم! شخصیت پرستی اور بت پرستی سے بڑی خود پرستی ہے، شیطان اسی میں مبتلا ہوا، جس کے سبب وہ عزازیل کے مرتبے سے گر کر ابلیس کے طوق کا مستحق ٹھہرا۔ لہٰذا کسی بڑے سے بڑے نیک، صالح اور متقی و پرہیز انسان کو بھی یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ اپنے عمل پر فخر کرے اور اس عمل کو اپنا کمال قرار دیکر غرور میں مبتلا ہوجائے۔ آج کل اکثر یہی دیکھا گیا ہے کہ ہمارے معاشرے میں ایک دوسرے کی تعریف کو اخلاقیات سے عبارت کیا جاتا ہے اور ہم لوگ بلواسطہ یا بلا واسطہ کسی کی تعریف کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتے، یہ برائی دنیادار اور دیندار دونوں طبقات میں بدرجہ اتم موجود ہے۔ اس امر کیلئے بھی ممانعت فرمائی گئی ہے کہ کسی بھی شخص کو اپنے تقویٰ اور نیک اعمال پر ناز اور فخر نہیں کرنا چاہئے اور اپنے آپ کو دوسروں سے بزرگ اور برتر نہ سمجھنا چاہئے بلکہ اسے ابتداء میں اپنی پیدائش پر نظر رکھنی چاہئے کہ وہ کن کن حالتوں سے گذر کر اس مقام تک آیا ہے اور کیا وہ حالتیں اس قابل ہیں کہ ان پر فخر کیا جاسکے۔ حالانکہ خوشامد وچاپلوسی اور جھوٹی تعریف سے دوسرے شخص کیلئے تباہی اور بربادی کا سامان ہوجاتا ہے اور اس میں وہ برائیاں پیدا ہوجاتی ہیں ایک غرور وتکبر اور دوسرے اپنی نسبت غلط فہمی کی۔ اپنی تعریف وتوصیف سن کر غلط فہمی سے وہ خوش فہمی میں مبتلا ہوجاتا ہے جس سے آگے چل کر فخر وغرور اور ناز وتکبر جیسی برائیاں اس میں جنم لیتی ہیں اور وہ خود فریبی کا شکار ہو کر تمام لوگوں کو حقارت ونفرت کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور اپنے آپ کو سب سے بالا و برتر تصور کرتا ہے۔

قرآن مجید واحادیث نبویہؐ میں خوشامد وچاپلوسی اور جھوٹی تعریف کرنے کی بڑی سخت وعیدیں وارد ہوئی ہیں۔ سورۃ آل عمران میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ”یہ ہرگز نہ سمجھنا کہ جو شخص اپنے کئے پر بڑے خوش ہیں اور چاہتے ہیں کہ ان کی تعریف ان کاموں پر بھی کی جائے جو انہوں نے کئے ہی نہیں، ایسے لوگوں کے بارے میں ہرگز نہ سمجھنا کہ وہ عذاب سے بچنے میں کامیاب ہوجائنگے، ان کے لئے دردناک سزا (تیار) ہے“۔ ان آیات کا شان نزول اگرچہ خاص ہے جس میں یہودیوں اور منافقوں کے ایک مخصوص گروہ کا نقشہ کھینچا گیا ہے اور ان کے انجام بد کی ان کو خبر دی گئی ہے، لیکن ان آیات کے عموم میں ان تمام لوگوں کو مراد لیا گیا ہے جو اپنے بارے میں کسی کے منہ سے خوشامد وچاپلوسی اور جھوٹی تعریف سن کر عجب وخود پسندی کا شکار ہو کر تکبر وشیخی اور غرور وناز میں مبتلا ہوجائے اور اپنے کئے ہوئے کاموں پر اترانے لگے اور نہ کئے ہوئے کاموں پر ایک مدح وتعریف کو چاہنے لگے کہ ایسے گناہ جن کی سزا اور عذاب سے بغیر توبہ استغفار کے بچنا انسان کیلئے بڑا مشکل ہے، پھر اس کا وبال صرف اس شخص کی حد تک نہیں رہتا بلکہ جس شخص نے خوشامد وچاپلوسی اور جھوٹی تعریف کر کے اس کو عجب وخود پسندی کا شکار بنا کر تکبر وغرور اور فخر وناز میں مبتلا کیا ہے اس پر یہ وبال پڑتا ہے۔ لہٰذا ہر مسلمان کو اس بات کا خاص اہتمام کرنا چاہئے کہ وہ کسی کی خوشامد وچاپلوسی اور منہ پر اس کی جھوٹی تعریف بیان نہ کرے کہ اس سے خود تو یہ متعدد گناہوں کے ارتکاب کا بنے گا ہی، ساتھ میں جس کی خوشامد وچاپوسی کی ہے اس کے گناہوں کی نحوست اور بوجھ بھی اس پر آکر پڑے گا اور خود اس شخص کو بھی جس کی خوشامد وچاپلوسی کی گئی ہے اس عمل بد سے جنم لینے والے گناہوں کا عذاب بھگتنا پڑیگا۔

قیصر محمود عراقی، کریگ اسٹریٹ، کمرہٹی، کولکاتا۔ ۵۸
موبائل: 6291697668

# ٹوکری میں پڑے پڑے پھوٹنے والے آلو، پیاز اور لہسن کھانا کتنا محفوظ ہے؟





مہنگائی کا دور ہو یا مصروفیت کی زندگی اکثر لوگ خصوصاً خواتین کی کوشش ہوتی ہے کہ وہ گھر کا سودا سلف یا تو ہفتے بھر کے لیے لا کر رکھ دیں یا اتنا لے آئیں کہ پورا مہینے تک بازار کے چکروں سے بچ جائیں۔ خشک خوراک کے علاوہ اس ایک ساتھ خریداری میں پیاز، آلو اور لہسن وغیرہ بھی شامل ہوتے ہیں۔ لیکن اکثر یہ سب کم استعمال ہونے کی وجہ سے سبزی کو ٹوکری میں پڑے پڑے پھوٹنے لگتے ہیں۔ یعنی ان پر ننھے پودے انہی سے خوراک لے کر اُگنے لگتے ہیں۔ کچھ لوگ انھیں کاٹ کر سبزیاں استعمال کر لیتے ہیں جبکہ کچھ کے خیال میں یہ قابلِ استعمال نہیں رہتے۔ جہاں تک آلو کی بات ہے تو اکثر ایک آلو پر مختلف جگہ سے کئی پودے بننے لگتے ہیں۔ پودے میں تبدیلی کے اس عمل کے دوران آلو میں زہریلے گلائکوالکلائیڈز بڑھنے لگتے ہیں۔ گلائکوالکلائیڈز دراصل ننھے پودے کو پھپھوندی اور کیڑوں سے بچاتے ہیں۔ ان مرکبات میں سے ایک مرکب سولانائن ہے، جو آلو کے علاوہ ٹماٹر، بینگن اور شملہ مرچ جیسے پودوں میں پایا جاتا ہے۔ روس کو مشرق وسطیٰ میں ایک اور دھچکے کا خدشہ: پوتن ایران کی مدد کیوں نہیں کر پا رہے؟ ٹرمپ اور آرمی چیف عاصم منیر کی وائٹ ہاؤس میں ’غیر معمولی‘ ملاقات: ’اسے صرف ایران اور اسرائیل کے تناظر میں نہیں دیکھنا چاہیے‘ ایران اسرائیل تنازعے میں امریکی صدر ٹرمپ کیا اقدامات اٹھا سکتے ہیں؟ عطا آباد جھیل کنارے ہوٹل کا ایک حصہ سیل: غیر ملکی وی لاگر کی وائرل ویڈیو اور آلودہ پانی کا معاملہ آلو کو زیادہ دیر تک ذخیرہ کرنے سے بھی سولانائن کی مقدار بڑھ جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس طرح پھوٹا ہوا یا طویل عرصے تک ذخیرہ شدہ آلو نہ صرف انسان بلکہ جانوروں کی صحت کے لیے بھی نقصان دہ ہیں۔ ڈاکٹر کرس بشپ ’پوٹیٹو پوسٹ ہارویسٹ‘ کے مصنف اور لنکن یونیورسٹی میں پوسٹ ہارویسٹ ٹیکنالوجی میں ریڈر ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ’ایسے اُگے ہوئے آلوؤں میں موجود گلائیکوالکلائیڈز بہت خطرناک ہوتے ہیں۔ یہ آلو کو کڑوا بنا دیتے ہیں۔ انھیں کھانے سے قے ہو سکتی ہے۔‘ انھوں نے بی بی سی کو بتایا کہ وہ آلو بالکل کھانے کے قابل نہیں ہیں اور یہاں تک کہ سبز آلو بھی نہیں کھانے چاہئیں۔ کرس بشپ نے کہا کہ اگے ہوئے آلو میں گلائیکوالکلائیڈ کیمیکلز کی زیادہ مقدار ہونے کا امکان ہے۔ انھوں نے کہا کہ اگر آلو سبز ہوجائے تو اسے نہ کھانا بہتر ہے۔ تاہم برطانیہ کی فوڈ سٹینڈرڈ ایجنسی (ایف ایس اے) کا یہ کہنا ہے کہ اُگے ہوئے آلو کو کھایا جا سکتا ہے، بشرطیکہ چند چیزوں کو مدنظر رکھا جائے۔ ایف ایس اے نے کہا کہ ’اگر آلو اُگنے کے بعد مضبوط رہتا ہے اور سڑنے کے کوئی آثار نہیں دکھاتا ہے، تو اسے کھانا محفوظ ہے۔ تاہم، ایف ایس اے مشورہ دیتا ہے کہ اگر کوئی آلو سبز نظر آتا ہے، تو اسے پھینک دینا بہتر ہے۔ سبز رنگ زہریلے مادوں کی موجودگی کی نشاندہی کرتا ہے۔ ایف ایس اے کا کہنا ہے کہ چھوٹے پودوں والے آلو کھائے جا سکتے ہیں۔ تاہم، اگر آلو بہت نرم یا خشک ہے، تو اس میں غذائی اجزاء کی کمی ہوگی اور پکانے پر ذائقہ اچھا نہیں ہوگا۔ یونیورسٹی آف ایسٹ اینگلیا کی پروفیسر کیتھی مارٹن کا کہنا ہے کہ جو آلو سبز اور پھٹ چکے ہیں انھیں بالکل نہیں کھانا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ آلو کو روشنی کے سامنے لانے سے (جس کی وجہ سے وہ پھوٹتے) زہریلے سولانائن کو بڑھاتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ انسانوں اور جانوروں خصوصاً بلیوں اور کتوں کے لیے مہلک ثابت ہوسکتا ہے۔ جو آلو کچے نہیں ہوتے ان میں سولانائن کی سطح کم ہوتی ہے۔ کسی کو کچا آلو نہیں کھانا چاہیے۔‘ پروفیسر مارٹن کا کہنا ہے کہ جو آلو سبز نہیں ہوتے ان میں بھی سولانائن کی سطح کم ہوتی ہے۔ اس لیے آپ کو کچا آلو نہیں کھانا چاہیے۔ کیونکہ سولانائن زہریلا مادہ ہوسکتا ہے، اس سے فوڈ پوائزننگ کا خطرہ ہوتا ہے۔ اگرچہ شاذ و نادر ہی سولانائن سے فوڈ پوائزننگ کے کچھ واقعات سامنے آئے ہیں۔ 1970 کی دہائی کے آخر میں، برطانیہ میں سکول کے 78 بچے سبز آلو کھانے کے بعد ہسپتال میں داخل ہوئے تھے۔ ایسے آلو کھانا جن میں سولانائن کی تھوڑی مقدار بھی ہو اس سے قے اور اسہال ہوسکتا ہے۔ یہ پیٹ کی شدید سوزش کا سبب بھی بن سکتا ہے۔ لیکن سنگین صورتوں میں، چکر آنا، الجھن، کمزوری، اور دھندلا نظر آنے جیسے مسائل کا سبب بھی بن سکتا ہے۔ بعض صورتوں میں سولانائن کی مقدار والے آلو کھانا شعور کے نقصان اور موت کا باعث بھی بن سکتا ہے۔ مارٹن کا کہنا ہے کہ یہ علامات زہر آلود آلو کھانے کے چند منٹوں یا دنوں میں ظاہر ہو سکتی ہیں۔ اگر پھوٹا ہوا آلو ایک انچ سے زیادہ لمبا ہو یا آلو نرم ہو گیا ہو تو اسے ضائع کر دینا چاہیے۔ آلو کا سبز حصہ کاٹ دینا چاہیے کیونکہ یہ زیادہ زہریلا ہوتا ہے۔ اگر آپ آلو پر سڑنے کے آثار دیکھیں تو اسے پھینک دینا بہتر ہے۔ اگر آپ پھوٹے ہوئے آلو زمین میں بونا چاہتے ہیں تو آپ کو پھوٹے ہوئے حصے کو کاٹنا نہیں چاہیے، بلکہ اس سمیت آلو بونا چاہیے۔ حاملہ خواتین، دودھ پلانے والی ماؤں، اور کمزور مدافعتی نظام والے لوگوں کا اس قسم کے آلو کھانے سے گریز کرنا بہتر ہے۔ آلو کو خشک، تاریک جگہوں پر تین سے 10 ڈگری سینٹی گریڈ تک کے درجہ حرارت میں ذخیرہ کیا جا سکتا ہے۔ انھیں ذخیرہ کرنے سے پہلے نہیں دھونا چاہیے۔ پہلے دھونے سے وہ جلد سڑ جائیں گے۔ آلو کو پیاز سے دور رکھنا چاہیے۔ وہ گیس اور نمی دونوں چھوڑتے ہیں۔ اس سے انھیں تیزی سے اگنے میں مدد ملے گی۔ پروفیسر مارٹن کا کہنا ہے کہ پیاز اور لہسن کو عام طور پر آلو کے مقابلے میں زیادہ محفوظ سمجھا جاتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اگرچہ یہ پھوٹے ہوئے آلو کی طرح خطرناک نہیں ہیں۔ ’وہ اپنے کاشوں میں ذخیرہ شدہ غذائی اجزا سے اگتے ہیں۔ تاہم، ان کا ذائقہ زیادہ تلخ اور ان کی ساخت نرم ہو سکتی ہے۔‘ ماہرین پیاز اور لہسن کو کچن میں ٹھنڈی، تاریک اور خشک جگہ پر ذخیرہ کرنے کا مشورہ دیتے ہیں۔ انھیں پلاسٹک کے تھیلوں میں ذخیرہ کرنے سے گریز کریں۔ ہوا کی گردش کے لیے ہوادار یا کاغذ کے تھیلے استعمال کریں۔ آلو کی ہی طرح، ایسا پیاز یا لہسن کھانے سے گریز کرنا چاہیے جس میں سڑنے، نرمی یا بدبو کی علامات ظاہر ہوں۔

